

SHIA BOOKS PDF
KITABAO SE ISHQ KI
Yeh Akhiri Sadi hai!!
یہ آخری صدی ہے
کتابوں سے عشق کی


عبرانی کتب مقدسہ کے تقریباً 400 افعال اپنے قدیم فکری وثقافتی تناظر میں

قدیم عبرانی لغت

تالیف وترجمہ

جیف اے بینر

ابنِ صلیبی



ادارہ تحقیقات

قدیم عبرانی لغت

عبرانی کتبِ مقدسہ کے تقریباً 400 افعال اپنے قدیم فکری و ثقافتی تناظر میں

تالیف و ترجمہ

جیف اے بینر
ابنِ صلیبی

بسم اللہ بک ہاؤس۔ اردو بازار، کراچی

قدیم عبرانی لغت

عبرانی کتبِ مقدسہ کے تقریباً 400 افعال اپنے قدیم فکری و ثقافتی تناظر میں

مؤلف

جیف اے بینر

مترجم

ابنِ صلیبیؔ

ایم اے (فلسفہ)، کراچی یونیورسٹی، کراچی

ایم ٹی ایچ (مسیحی علم الٰہیات)، این سی سی، لاہور

ناشر

بسم اللہ بک ہاؤس۔

اردو بازار، کراچی

"مفید کتاب بہترین دوست ہے"

ہمارا مقصد فکر و شعور کی آبیاری اور اس کے لئے معاون ذرائع کو مہیا کرنا ہے۔

ہمارا ساتھ دیجئے۔

نام کتاب ــــــــ قدیم عبرانی لغت

مؤلف ــــــــ جیف اے بینر

مترجم ــــــــ ابنِ صلیبیؔ

سنِ اشاعت ــــــــ دسمبر 2020ء

قیمت ــــــــ 450 روپے

ناشر

بسم اللہ بک ہاؤس۔ اردو بازار، کراچی

Moble: 0312-2846175

WhatsApp:0303-2353839

https://www.facebook.com/bismillah.book.house

عرضِ مترجم

جیف اے بینر کی تالیف کردہ اس "قدیم عبرانی لغت" کے حوالے سے مجھے کچھ بھی نہیں کہنا، سوا اس کے کہ اس کا اردو میں ترجمہ کرنے پر نہ تو میں کسی قسم کی خوش فہمی کا شکار ہوں کہ جیسے اس کام کو میرے سوا کوئی کر ہی نہیں سکتا تھا، نہ ہی اس کے بدلے مجھے کسی صلے کی توقع ہے کہ جیسے اس کام کی تکمیل پر میں نے کسی پر کوئی احسان کیا ہو، اور نہ ہی کسی قسم کی معذرت کا خواہاں ہوں۔ تاہم میں سمجھتا ہوں کہ ہر تعلیمی و تحقیقی کام کی اپنی ایک مخصوص افادیت ہوتی ہے، اور اس سے بہتیروں کو استفادہ حاصل ہوتا ہے۔ اس لئے یہ کوئی ایسا بھی کسرِ نفسی کا مقام نہیں کہ میں اس کام کو یکسر حقیر خیال کروں۔ یہ لغت اردو خواں طبقہ کے معلمین، محققین، مترجمین، ناقدین، اور مبلغین کے لئے خاطر خواہ مدد فراہم کرنے کے لئے کافی ہے۔ اس سے زیادہ نہ مجھے کچھ کہنا ہے اور نہ ہی کہنے کی ضرورت۔

ابنِ صلیبیؔ
دسمبر 2019ء
کراچی

کتاب کا تعارف

یہ کتاب فوری حوالہ جاتی معاون کے طور پر تیار کی گئی ہے تاکہ عبرانی بائبل میں پائے جانے والے عام عبرانی الفاظ کے معنی تلاش کرنے اور عبرانی الفاظ سیکھنے کا وسیلہ بن سکے۔ اس کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حصے میں عبرانی بائبل کے 379 افعال شامل ہیں۔ عبرانی افعال سہ حرفی مادہ پر مشتمل ہوتے ہیں۔ لہٰذا ہر فعل کا مادہِ اشتقاق "نقلِ حرفی" کے نام سے قوسین "(--)" میں درج کیا گیا ہے۔ بعض افعال کو ان کے اوزان کے تغیر سے معنی پر پڑنے والے اثرات کے تحت نشان زد کیا گیا ہے۔

دوسرے حصے میں 621 اسماء کی فہرست دی گئی ہے۔ یہ اسماء بھی عبرانی ثقافت کے تناظر میں اپنے دوہرے معنی کے ساتھ درج کئے گئے ہیں، جس سے عبرانی زبان وادب اور عبرانی کتبِ مقدسہ کے متعلق طلبا کو زیادہ سے زیادہ گہری تفہیم حاصل ہو گی۔ اس کے علاوہ اس لغت میں شامل ہر لفظ کے اندراج کی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں؛

1۔ عبرانی لفظ۔

2۔ عبرانی لفظ کا تلفظ۔

3۔ عبرانی لفظ کے ایک یا دو ترجمے۔

4۔ عبرانی لفظ کی مزید مفصل تعریف۔

5۔ دوسرے وسائل کے لئے حوالہ جات۔

ضمیموں میں عبرانی زبان کے بارے میں اضافی الفاظ اور تفصیلات کے ساتھ شامل ہیں؛

1۔ عبرانی حرفِ تہجی اور حروفِ علت۔

2۔ عبرانی سابقے اور لاحقے۔

3۔ اسم ضمیر، حروفِ جار وغیرہ۔

4۔ عبرانی اعداد۔

5۔ عبرانی فعل کے اجزاء۔

لغت کی شکل:

ذیل میں ایک مثال درج ہے، جس سے اس کی وضاحت ہو گی۔

944۔ שָׁלוֹם

ترجمہ: کاملیت

تعریف: کوئی ایسی چیز جو ختم ہو چکی ہو یا پوری ہو گئی ہو۔ مکمل ہو چکنے کی حالت۔

اے ایچ ایل بی: 2845 (سی)؛ سٹرونگ: 7965

جدید عبرانی لفظ:

اندراج نمبر کے بعد لکھا ہوا عبرانی لفظ جدید عبرانی رسم الخط میں ہے۔

قدیم عبرانی لفظ:

اس لغت کے انگریزی نسخے میں ہر عبرانی لفظ کو قدیم تصویری اسکرپٹ میں بھی لکھا گیا ہے۔ لیکن چند وجوہات کی بنا پر زیرِ نظر اردو ایڈیشن میں اس کو شامل نہیں کیا گیا۔ کچھ معاملات میں اس کے ہجے جدید رسم الخط سے مختلف ہیں۔ مثال کے طور پر لفظ אֹהֶל (#390) میں خولم شامل ہے، جو حرفِ علت (آلیف کے اوپر نقطہ "او") کی نمائندگی کرتا ہے۔ لیکن زیادہ تر قدیم دستاویزات میں یہ لفظ اس طرح אוהל لکھا ہے، جہاں حرف "ו" (واؤ) "او" کی آواز کی نمائندگی کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، الفاظ کے ہجے وقت کے ساتھ تیار اور متغیر ہوتے رہتے ہیں۔ مثال کے طور پر لفظ בּוֹר (#452) "بور" (بمعنی حوض) لفظ כור (کور) سے متبادل ہے، جس کا مطلب "گڑھا کھودنا" یا "سوراخ کھودنا" ہے۔ لہٰذا اس لفظ کے قدیم ہجے (כור) ہوں گے۔

(نوٹ: چونکہ قدیم عبرانی رسم الخط تصویری ہے، اور اس کو یہاں نقل کرنا انتہائی وقت طلب کام ہو سکتا تھا، اس لئے مناسب سمجھا گیا کہ اسے دوسرے ایڈیشن تک ممکن بنایا جائے۔ مترجم)

نقلِ حرفی:

عبرانی زبان کی اردو زبان میں نقلِ حرفی عبرانی اسم کے تلفظ میں مدد کے لئے ہے، مثلاً (شین-لامد-واو-میم:-شالوم)۔ فعل کا تلفظیا نقلِ حرفی کی نمائندگی

صرف مشخصات ہی کریں گے۔مثال کے طور پر عبرانی فعل בדל کے لئے (بیتھ-دالتھ-لامد) نقلِ حرفی کی عبارت ہے۔

ترجمہ:

ترجمہ کے تحت ایک یا دو یا دو الفاظ ہیں، جو کسی لفظ کا بہترین ترجمہ ہو سکتا ہے۔ بہت سے معاملات میں یہ ترجمہ دیگر لغات میں پائے جانے والے ترجموں سے نمایاں طور پر مختلف ہو گا۔مثال کے طور پر، لفظ שלום (شالوم) کا ترجمہ عام طور پر "امن" کے معنی میں کیا جاتا ہے۔ لیکن یہ تجریدی خیال عبرانی لفظ کے اصل مفہوم کو مکمل طور پر ظاہر نہیں کرتا۔ زیرِ نظر لغت میں اس لفظ کا ترجمہ "کاملیت" کیا گیا ہے۔

تعریف:

تعریف کے تحت کسی لفظ کے مزید خاص معنی دیئے گئے ہیں، جو متنی اور اصلی عبرانی ثقافتی تناظر کی عکاسی کرتے ہیں۔مثال کے طور پر ہماری ثقافت میں لفظ "امن" کا مطلب ہے "ایک ریاست کے لوگوں یا گروہوں کے مابین باہمی ہم آہنگی"۔ تاہم بائبل کی عبرانی میں اس لفظ کا مطلب ہے "مکمل ہو جانے کی حالت"۔

کراس حوالہ جات:

ہر اندراج میں بائبل کے قدیم عبرانی لیکسی کن (Ancient Hebrew Lexicon of the Bible) اور سٹرونگ (Strong`s Lexical Dictionary of the Bible) کا ایک حوالہ شامل ہے، جو ان دونوں لغات سے کراس حوالہ لینے کی سہولت بہم پہنچاتا ہے۔

عبرانی زبان کا مختصر تعارف

اس زبان کا باقاعدہ آغاز 1500 ق م سے ہوتا ہے۔ یہ زبان سامی النسل ہے، اور تصویروں کی بجائے مستقل حروف میں لکھی جاتی ہے۔ یہ دائیں سے بائیں جانب لکھی جاتی ہے۔ صدیوں تک اس کے مختلف مقامی لہجے جاری رہے، جن کے اثرات عہد نامہِ قدیم کے متن پر پڑے۔ یہی وجہ ہے کہ پیدائش کی کتاب میں بہت سے مصری اور اکادی الفاظ اور تاثرات وارد ہو گئے۔ کتابِ گنتی، کتابِ یشوع، کتابِ قضاۃ اور کتابِ روت اور عہد نامہِ قدیم کے چند قدیم ترین عبرانی متون میں ابتدائی کنعانی زبان کے اثرات نمایاں ہیں۔

عبرانی اور ارامی کا تعلق:

عہد نامہِ قدیم کے چند حصے باقاعدہ اسی زبان میں تحریر کئے گئے ہیں۔ کتابِ دانی ایل کے ابواب 2 تا 7 اور کتابِ عزرا کے ابواب 4 تا 7 میں ارامی الفاظ، محاورے اور بعض اوقات پورے کے پورے فقرے استعمال ہوئے ہیں۔ تمام سامی زبانوں میں ارامی واحد زبان ہے، جو عبرانی زبان کے سب سے زیادہ مماثل ہے۔ بنیادی یہودی مذہبی روایات کا کام مقامی ارامی زبان میں ہی لکھا گیا ہے۔

جلاوطنی سے واپسی پر یہ زبان یہودیوں کی روزمرہ زبان بن گئی۔اس کے بعد انہوں نے عہد نامہِ قدیم کا ترجمہ ارامی زبان میں کر دیا۔نئے عہد نامہ میں بھی کئی الفاظ، محاورے فقرے ارامی زبان میں نقل کئے گئے۔یہی زبان یسوع اور ان کے شاگردوں کی بھی تھی۔

عبرانی اور عربی کا تعلق:

سامی خاندان سے ہونے کے باعث عبرانی اور عربی میں بھی ایک گہرا تعلق یا رشتہ پایا جاتا ہے۔اگرچہ ان دونوں زبانوں کے حروفِ تہجی اور رسوم الخط مختلف ہیں تاہم ان کے الفاظ میں خفیف تلفظ کے ساتھ لغوی و معنوی مماثلت پائی جاتی ہے۔مثال کے طور پر مندرجہ ذیل الفاظ پیش کئے جاتے ہیں؛

אבד	اَوَد	ابد
אהב	احب	احب
אזן	ازن	اذن
אחז	اخز	اخذ
אמן	امن	ایمان
אמר	امر	امر
בדל	بدل	بدل
בכה	بکہ	بکا
היה	حیّ	حیّ

זבח	زبخ	ذبح
זכר	زکر	ذِکر
חטא	خطا	خطا
חלל	خلال	حلال
חרב	خرب	خراب
חרש	خرش	خراش
חשך	خشوَ	حشو
חתם	ختم	ختم
יד	ید	ید
ילד	یلد	یولد
כפר	کپر	کفر
כתב	کتب	کتب
לבש	لبش	لباس
מות	موت	موت
מלך	ملخ	ملک
מנע	منع	منع
משח	مشخ	مسح
נבא	نبا	نبا/ نبوت کرنا

נצב	نصب	نصب
נקב	نقب	نقب
סלח	سلح	صلح
סתר	ستر (چھپانا)	ستر
עבד	عبد	عبد
עבר	عبر	عبور
פתח	پتح	فتح
צדק	صدق	صدق
קבץ	قبص	قبض
קבר	قبر	قبر
קרב	قرب	قرب
רדף	روف	ردیف
רחם	رخم	رحم
שכב	شکب	شکیب
שכן	شکن	سکون
שמע	شمع	سمع
שקט	شقت	ساکت
תמם	تمم	تمام

عبرانی حروفِ تہجی کے پر کشش حقائق (Fascinating Facts of Hebrew Alphabet):

عبرانی حروفِ تہجی کا پہلا حرف "آلف" ہے اور آخری "تاؤ" ہے۔ جبکہ یونانی حروفِ تہجی کا پہلا "الفا" اور آخری "اومیگا" ہے۔ بائبل میں بعض مقامات پر یہ دونوں حروف محاورہ کا حصے بنے ہیں، جیسے کہ "الفا اور اومیگا"، "آلف اور تاؤ"۔ یعنی ہماری زبان کے مطابق "الف تا یے" کہنے کا مطلب ہے، "تمام و کمال"۔ اسی طرح انگریزی میں بھی یہ محاورہ مستعمل ہے۔ مثلاً اے تا زیڈ (A to Z)۔

بائبلی زبان و ادب سے متعلق دلچسپ اور حقائق پر مبنی 20 کہانیاں مشہور ہیں۔ ذیل میں ان کی مختصراً تفصیل دی جا رہی ہے؛

1۔ آلف:

بالکل ابتدا میں روز مرہ کے معاملات کو سمجھنے اور سمجھانے کے لئے ایسے تصویری حروف استعمال کئے جاتے تھے، جن کی اشکال اشیاء سے مشابہ ہوتی تھیں۔ عبرانی زبان کا پہلا حرف "آلف" مشتق ہے "آلپو" سے۔ آلپو "بیل" کو کہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ عبرانی زبان کے اس پہلے حرف "آلف" کی شکل بیل کے سر کی مانند ہے۔

2۔ آلف سے تاؤتک برکت:

یہودی روایت میں خدا اسرائیل کو "آلف سے تاؤتک" برکت دیتا ہے۔ یہ دونوں عبرانی زبان کے پہلے اور آخری حروف ہیں۔ لہٰذا اس محاورہ کا مطلب ہو گا کہ "خدا بنی اسرائیل کو مکمل برکت دیتا ہے"۔ احبار 26: 3-13 میں ان برکات کی فہرست ہے، جو پہلے حرف "آلف" سے شروع ہوتی ہیں، اور آخری حرف "تاؤ" پر ختم ہو جاتی ہیں۔

4۔ کیا حضرت آدم عبرانی بولتے تھے؟:

بائبل میں حضرت آدم کے الفاظ کو عبرانی زبان میں محفوظ کیا گیا ہے۔ لیکن حقیقتاً وہ عبرانی نہیں بولتے تھے۔ اگرچہ عبرانی زبان کا سراغ 2000 ق م کے زمانے تک لگایا جاتا ہے۔ تاہم اس زبان کی جڑیں بائبل کے ابتدائی لوگوں کی زبان سے جڑی ہوئی نہیں۔ بالکل ابتدائی لوگ عبرانی نہیں بولتے تھے۔ مثلاً حضرت آدم، حضرت نوح اور حضرت ابراہام وغیرہ کی زبان عبرانی نہیں تھی۔

پورا عہد نامہ قدیم عبرانی زبان میں نہیں لکھا گیا:

عہد نامہ قدیم جہاں زیادہ تر عبرانی زبان میں لکھا گیا، وہیں عزرا اور دانی ایل کے کئی ابواب ارامی زبان میں قلم بند ہوئے ہیں۔ حتیٰ کہ یرمیاہ کی کتاب میں ایک پوری آیت ارامی زبان میں شامل کی گئی ہے۔

رسم الخط:

عبرانی زبان دائیں سے بائیں طرف لکھی جاتی ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے عربی، فارسی یا اردو دائیں سے بائیں طرف لکھی جاتی ہیں۔



عبرانی حروفِ تہجی

نمبر شمار	عبرانی حروف	تلفظ	مماثل حروف	آخری شکل
1	א	آلیف	ا	
2	ב	بیتھ	ب	
3	ג	گیمل	گ	
4	ד	دالتھ	د	
5	ה	ہے/ حے	ہ/ ح	
6	ו	واو	و	
7	ז	زیّن	ز/ذ/ ض/ ظ	
8	ח	خیتھ	خ/ ک	ךְ
9	ט	طیتھ	ط	
10	י	یود	ی/ ے	
11	כ	کاف	ک	
12	ל	لامد	ل	
13	מ	میم	م	ם

14	נ	نون	ن	ן
15	ס	سامخ	س	
16	ע	عیّن	ع	
17	פ	پے	پ	ף
18	צ	صادے	ص	ץ
19	ק	قوف	ق	
20	ר	ریش	ر	
21	שׂ	سین	س	
22	שׁ	شین	ش	
23	ת	تاو	ت	

عبرانی اعراب

ذیل میں عبرانی زبان کے اعراب دیئے جارہے ہیں۔ ہم نے ان اعراب کو عبرانی حروفِ تہجی کے پہلے حرف א(آلیف) کے ساتھ سہولت کے لئے استعمال کیا ہے تاکہ شائقین زبان کو ابھی سے یہ ذہن نشین ہو جائے۔

نمبر شمار	اعراب	نام	تلفظ
1	אַ	پتح	اَ
2	אָ	قامص	آ
3	ָה	قامص ہے	آح
4	אֶ	سیغول	ایھ
5	אֵ	صیرے	اے
6	אֵי	صیرے یود	ایے
7	אִ	خیرق	اِی
8	אִי	خیرق یود	اِی
9	אָ	قامص خاطوف	آ

10	אֹ	خولم	او
11	אוֹ	خولم واو	اوو
12	אֻ	قبوص	اُ
13	אוּ	شُورق	اُو

ہدایت:

شائقین ان اعراب کو باقی تمام عبرانی حروف کے ساتھ مشق میں لا کر اپنی مہارت میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

(حصہ اول: افعال Verbs)

א (آلیف)

1۔אבד نقلِ حرفی: (آلیف-بیتھ-دالتھ) ترجمہ: فنا ہونا تعریف: مکمل زندگی یا فعالیت سے الگ ہونا۔ اے ایچ ایل بی: 1027؛ سٹرونگ: 6	2۔אבה نقلِ حرفی: (آلیف-بیتھ-ہے) ترجمہ: رضامندی تعریف: منظوری دینا۔ رائے یا جذبات میں متفق ہونا۔ عمل یا رائے سے متعلق معاہدہ؛ کہیں جانے یا کچھ کرنے کے لئے تیار ہونا۔ اے ایچ ایل بی: 1028؛ سٹرونگ: 14
3۔אבל نقلِ حرفی: (آلیف-بیتھ-لامد) ترجمہ: ماتم تعریف: غم یا دکھ کو محسوس کرنا اور اس کا اظہار کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 035-C (V)؛	4۔אהב نقلِ حرفی: (آلیف-ہے-بیتھ) ترجمہ: محبت تعریف: جو کچھ بطورِ استحقاق دیا جاتا ہے، اسے مہیا کرنا اور اس کی حفاظت کرنا۔ عمل اور جذبات کی قربت کا ایک تعلق۔ کسی کے لئے

سٹرونگ:56	شدید پیار، جو ذاتی تعلقات سے پیدا ہوتا ہے۔ اے ایچ ایل بی:1094؛ سٹرونگ: 157
5۔אוה نقلِ حرفی: (آلیف-واؤ-ہے) ترجمہ: خواہش تعریف: ایک خالص یا مضبوط خواہش رکھنا؛ طویل کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 1005-ج (5)؛ سٹرونگ: 215	6۔אור نقلِ حرفی: (آلیف-واو-ریش) ترجمہ: روشنی تعریف: شدید روشنی کے ساتھ چمکنا؛ روشنی چھوڑنا؛ روشن ہونا۔ اے ایچ ایل بی:1020-ج (5)؛ سٹرونگ:215
7۔אזן نقلِ حرفی: (آلیف-زیَن-نون) ترجمہ: کان لگانا تعریف دیں: کسی آواز کی طرف توجہ کرنا؛ اطاعت اور توجہ کے ساتھ سننا۔ اے ایچ ایل بی:1152-سی (5)؛ سٹرونگ:215	8۔אחז نقلِ حرفی: (آلیف-خیتھ-زیَن) ترجمہ: مضبوطی سے پکڑنا تعریف: کسی شئے کے ساتھ گرفتہ ہونا یا اس کا ملکیت میں ہونا؛ تحمل کے اندر رکھنا؛ کسی کی گرفت میں رکھنا یا برقرار رکھنا؛ کسی شئے کو پکڑنا اور اس کو مضبوطی کے ساتھ تھامے رکھنا۔ اے ایچ ایل بی: 1168-سی (5)؛ سٹرونگ:270

9۔איב نقلِ حرفی: (آلیف-یود-بیتھ) ترجمہ: حملہ تعریف: کسی کا مخالف یا غیر دوست ہونا؛ ایک کاروائی، جو کسی دشمن کی طرف سے کی گئی ہو۔ اے ایچ ایل بی:1002-ایم(5)؛ سٹرونگ:341	10۔אכל نقلِ حرفی: (آلیف-کوف-لامد) ترجمہ: کھانا تعریف: کھانا کھانا؛ تباہ کرنا؛ آگ لگانا۔ اے ایچ ایل بی:1242-سی(5)؛ سٹرونگ:398
11۔ אמן نقلِ حرفی: (آلیف-میم-نون) ترجمہ: ثابت قدم ہونا تعریف: محفوظ طریقے سے یا مضبوطی سے جگہ پر مقرر ہونا؛ مدد کے احساس میں کھڑے ہونا۔ تبدیلی یا نظرِ ثانی سے مشروط نہ ہونا۔ اے ایچ ایل بی:1290-سی(5)؛ سٹرونگ:539	12۔אמץ نقلِ حرفی: (آلیف-میم-صادے) ترجمہ: مضبوط ہونا تعریف: ذہنی طور پر ہوشیار، مضبوط، ضدی یا بہادر ہونا۔ عظیم جسمانی، اخلاقی یا فکری طاقت کے ساتھ ممتاز ہونا۔ اے ایچ ایل بی: 1294-سی (5)؛ سٹرونگ:553

13-אמר نقلِ حرفی: (آلیف-میم-ریش) ترجمہ: کہنا تعریف: ایسے الفاظ، جو تسلسل کے ساتھ جملوں کو تشکیل دیتے ہیں۔ اے ایچ ایل بی:1288-سی(5)؛ سٹرونگ:559	14-אסף نقلِ حرفی: (آلیف-سامک-پے) ترجمہ: جمع کرنا؛اکٹھا کرنا؛جمع کرنااور تیاری میں رکھنا۔ اے ایچ ایل بی:1339-سی(5)؛ سٹرونگ:622
15-אסר نقلِ حرفی: (آلیف-سامک-ریش) ترجمہ: معاہدہ کرنا تعریف: لپیٹنایاڈوری کے ساتھ باندھنا۔ اے ایچ ایل بی:1342-سی(5)؛ سٹرونگ:631	16-אפה نقلِ حرفی: (آلیف-پے-ہے) ترجمہ: پکانا تعریف: خشک گرمی کا استعمال کرتے ہوئے پکانا، خاص طور پر تندور میں۔ اے ایچ ایل بی:1017-ایچ(5)؛ سٹرونگ:644
17-ארב نقلِ حرفی: (آلیف-ریش-بیتھ) ترجمہ: گھات لگانا تعریف: کسی کو قابو کرنے یانقصان	18-ארך نقلِ حرفی: (آلیف-ریش-خیتھ) ترجمہ: طول، لمبائی تعریف: لمبا کرنا، طویل کرنا یاتاخیر کرنا۔

پہنچانے کے انتظار میں ہونا۔ اے ایچ ایل بی:1439-سی(5)؛ سٹرونگ:693	اے ایچ ایل بی:1448-سی(5)؛ سٹرونگ:748
19-ארר نقلِ حرفی: (آلیف-ریش-ریش) ترجمہ: پر تھوکنا تعریف: تھوک نکالنا، عموماً کسی کی بے عزتی کرنا۔ اے ایچ ایل بی:1457-سی(5)؛ سٹرونگ:779	20-אשם نقلِ حرفی: (آلیف-شین-میم) ترجمہ: قصوروار ہونا تعریف: کسی جرم کاارتکاب کرنا، خصوصاً جان بوجھ کر۔ اے ایچ ایل بی:1473-سی(5)؛ سٹرونگ:816

ב (بیتھ)

21-בגד نقلِ حرفی: (بیتھ-گیمل-دالتھ) ترجمہ: غدارانہ عمل کرنا تعریف: دھوکا دینے کے لئے چھپ کر کسی عمل کو انجام دینا۔ اے ایچ ایل بی: 2004 (5)؛ سٹرونگ: 898	22-בדל نقلِ حرفی: (بیتھ-دالتھ-گیمل) ترجمہ: الگ تعریف: الگ کرنا یا رکھنا۔ اے ایچ ایل بی: 1035-گی(5)؛ سٹرونگ: 914
23-בהל نقلِ حرفی: (بیتھ-ہے-لامد) ترجمہ: ہلچل تعریف: کی خاموشی کو مشتعل کرنا؛ پریشان کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 1035-جی(5)؛ سٹرونگ: 926	24-בוא نقلِ حرفی: (بیتھ-واو-آلیف) ترجمہ: آنا تعریف: کسی چیز کی طرف بڑھنا؛ رسائی، داخلہ۔ یہ آنے یا جانے کے طور پر سمجھا جاسکتا ہے۔ اے ایچ ایل بی: 1024-جے(5)؛

	سٹرونگ: 935
25-בוש نقلِ حرفی: (بیتھ-واو-شین) ترجمہ: شرمندہ ہونا تعریف: شرم، جرم یا رسوائی محسوس کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 1044-جے(5)؛ سٹرونگ: 954	26-בזה نقلِ حرفی: (بیتھ-زین-ہے) ترجمہ: ناپسند کرنا تعریف: کسی کے لئے حقارت کا احساس؛ کسی پر طعنہ زنی کے ساتھ نظر ڈالنا؛ کسی چیز کو ایسے لینا کہ جیسے وہ خراب ہو چکی ہے یا اس کی اب کوئی قدر و قیمت نہیں۔ اے ایچ ایل بی: 1030-ایچ(5)؛ سٹرونگ: 959
27-בזז نقلِ حرفی: (بیتھ-زین-زین) ترجمہ: لوٹ مار تعریف: ڈکیتی یا لوٹ مار کا ارتکاب کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 1030-بی(5)؛ سٹرونگ: 962	28-בחן نقلِ حرفی: (بیتھ-خیتھ-ریش) ترجمہ: جانچ کرنا تعریف: قریب سے معائنہ کرنا؛ امتحان لینا یا توقع کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 2011 (5)؛ سٹرونگ: 974

29۔בחר نقلِ حرفی: (بیتھ-خیتھ-ریش) ترجمہ: آزادانہ غور وخوض کے بعد منتخب کرنا۔ اے ایچ ایل بی:2012 (5)؛ سٹرونگ:977	30۔בטח نقلِ حرفی: (بیتھ-طیتھ-خیتھ) ترجمہ: پیوست ہونا، چمٹنا تعریف: کسی شخص یا کسی ایسی چیز کو پکڑنا، جو محفوظ ہو۔ اے ایچ ایل بی:2013 (5)؛ سٹرونگ:982
31۔בין نقلِ حرفی: (بیتھ-یود-نون) ترجمہ: سمجھنا تعریف: کے معنی سمجھنا؛ تفہیم حاصل ہو جانا۔ اے ایچ ایل بی:1037-ایم(5)؛ سٹرونگ:995	32۔בכה نقلِ حرفی: (بیتھ-کوف-ہے) ترجمہ: رونا تعریف: گہرے رنج کا اظہار کرنا، خاص طور پر آنسو بہا کر۔ اے ایچ ایل بی:1034-ایچ(5)؛ سٹرونگ:1058
33۔בלל نقلِ حرفی: (بیتھ-لامد-لامد) ترجمہ: اختلاط کرنا تعریف: ایک بڑے پیمانے پر جمع کرنا؛	34۔בלע نقلِ حرفی: (بیتھ-لامد-عیّن) ترجمہ: نگلنا تعریف: منہ سے گزار کر غذائی نالی کے

آپس میں مل جانا۔ اے ایچ ایل بی: 1035-بی(5)؛ سٹرونگ:1101	ذریعہ پیٹ میں لے جانا۔ اے ایچ ایل بی:2020 (5)؛ سٹرونگ:1104
35۔בנה نقلِ حرفی: (بیتھ-نون-ہے) ترجمہ: تعمیر کرنا تعریف: کوئی عمارت، گھر یا خاندان تعمیر کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 1037-ایچ(5)؛ سٹرونگ:1129	36۔בער نقلِ حرفی: (بیتھ-عیّن-ریش) ترجمہ: جلانا تعریف: تیزی کے ساتھ دخان سے گذارنا یا ایندھن کا استعمال کرنا۔ گرمی، گیسیں اور عام طور پر روشنی ڈالنا۔ آگ لگانا۔ اے ایچ ایل بی:2028 (5)؛ سٹرونگ1197
37۔בצר نقلِ حرفی: (بیتھ-صادے-ریش) ترجمہ: باڑ میں تعریف: بچاؤ کے لئے ایک رکاوٹ، جس کا مقصد کسی کی دخل اندازی کو روکنا ہے۔ ایک حد یا نشان لگانا؛ اکٹھا ہونا اور تحفظ کے لئے قید کرنا۔ اے ایچ ایل بی:2033 (5)؛	38۔בקע نقلِ حرفی: (بیتھ-قوف-عیّن) ترجمہ: پیوست تعریف: کسی چیز کو توڑنا، کاٹنا یا تقسیم کرنا۔ اے ایچ ایل بی:2034 (5)؛ سٹرونگ:1234

سٹرونگ:1219	
39-בקש نقل حرفی: (بیتھ-قوف-شین) ترجمہ: تلاش کرنا تعریف: کسی شخص یا چیز کی پوری توجہ سے تلاش کرنا، یہاں تک کہ تلاش کا مقصد پورا ہو جائے۔ اے ایچ ایل بی: 2036 (5)؛ سٹرونگ:1245	40-ברא نقل حرفی: (بیتھ-ریش-آلیف) ترجمہ: موٹاپا تعریف: مزید خاطر خواہ کرنا۔ بھرنا۔ پیدائش باب 1 میں زمین کو سورج، چاند، پودوں اور جانوروں کے ساتھ بھرنا۔ انسان کو سانس اور الوہیم کی شبیہ کے ساتھ بھرنا۔ اے ایچ ایل بی: 1043-ای(5)؛ سٹرونگ:1254
41-ברח نقل حرفی: (بیتھ-ریش-خیتھ) ترجمہ: بھاگ جانا تعریف: کسی سے بھاگ جانا۔ اے ایچ ایل بی: 2038 (5)؛ سٹرونگ:1272	42-ברך نقل حرفی: (بیتھ-ریش-خیتھ) ترجمہ: ٹیکنا تعریف: گھٹنے ٹیکنا، تعظیم میں گھٹنے ٹیکنا یا پانی پینا۔ کسی دوسرے کے آگے جھکنا اپنے انتہائی معنوں میں "احترام"، اور "تعظیم" کو ظاہر کرتا ہے۔ اے ایچ ایل بی: 2039 (5)؛ سٹرونگ:1288

43-בשל نقل حرفی: (بیتھ-شین-لامد) ترجمہ: ابالنا تعریف: گرم کر کے بخارات کے بلبلے تیار کرنا۔ پانی میں گوشت پکانا۔ اے ایچ ایل بی: 2043 (5)؛ سٹرونگ:1310	

ג (گیمل)

44۔גאל نقلِ حرفی: (گیمل-آلیف-لامد) ترجمہ: دوبارہ حاصل کر لینا تعریف: واپس خرید لینا۔ کسی کو اس کی اصل حیثیت پر بحال کرنا یا اس کی موت کا بدلہ لینا۔ مشترکہ شکل میں اس فعل کا مطلب "بدلہ لینے والا" ہے، جیسے کسی شخص کو غلامی سے واپس خریدنے یا اس کے قتل کا بدلہ لینے کے لئے قریب ترین رشتہ دار کا کردار۔ اے ایچ ایل بی:1058-ڈی(5)؛ سٹرونگ:1350	45۔גבה نقلِ حرفی: (گیمل-بیتھ-ہے) ترجمہ: اٹھانا، بلند کرنا تعریف: زیادہ اونچائی یا قد تک اٹھانا اے ایچ ایل بی:1048-ایچ(5)؛ سٹرونگ:1361

46۔גבר نقلِ حرفی: (گیمل-بیتھ-ریش) ترجمہ: قابو پانا تعریف: کسی شئے کی بہتری حاصل کرنا۔ طاقت یا اختیار میں کامیاب ہونا۔ اے ایچ ایل بی:2052 (5)؛ سٹرونگ:1396	47۔גדל نقلِ حرفی: (گیمل-دالتھ-لامد) ترجمہ: بڑھانا تعریف: سائز میں اضافہ کرنا یا کسی کی عزت کے مقام کو بڑھانا۔ اے ایچ ایل بی:2054 (5)؛ سٹرونگ:1431
48۔גור نقلِ حرفی: (گیمل-واو-ریش) ترجمہ: قیام کرنا تعریف: ایک عارضی رہائش کے طور پر رہنا۔ ایک اجنبی سرزمین میں سفر کرنا۔ نیز وسیع معنوں میں، کسی اجنبی سے "خوف زدہ ہونا"۔ اے ایچ ایل بی:1066-جے(5)؛ سٹرونگ:1481	49۔גזל نقلِ حرفی: (گیمل-زیّن-لامد) ترجمہ: توڑ ڈالنا تعریف: زبردستی سے کوئی چیز جھٹک دینا یا کسی کو اتار دینا، لوٹ مار کرنا۔ اے ایچ ایل بی:2059 (5)؛ سٹرونگ:1497
50۔גיל نقلِ حرفی: (گیمل-یود-لامد) ترجمہ: چاروں طرف گھوم کر رقص کرنا	51۔גלה نقلِ حرفی: (گیمل-لامد-ہے) ترجمہ: سرپوش کو ہٹا دینا

تعریف: ایک دائرے میں گھوم کر خوشی منانا۔ اے ایچ ایل بی:1058-ایم(5)؛ سٹرونگ:1523	تعریف: کسی چیز کو بے نقاب کر کے ظاہر کر دینا۔ عام طور پر لباس کو ہٹانے سے بے نقاب ہو جانا۔ اے ایچ ایل بی:1357-ایچ(5)؛ سٹرونگ:1540
52-גמל نقلِ حرفی: (گیمل-میم-لامد) ترجمہ: پیداوار ہونا تعریف: پیدا کرنا یا پیداواری ہونا۔ اے ایچ ایل بی:2070 (5)؛ سٹرونگ:1580	53-גנב نقلِ حرفی: (گیمل-نون-بیتھ) ترجمہ: چوری کرنا تعریف: غلط طور پر کسی کی ملکیت لے لینا، لوٹنا۔ اے ایچ ایل بی:2073 (5)؛ سٹرونگ:1589
54-גרש نقلِ حرفی: (گیمل-ریش-شین) ترجمہ: خارج کر دینا تعریف: باہر نکال دینا، پھینک دینا۔ اے ایچ ایل بی:2089 (5)؛ سٹرونگ:1644	

7 (دالتھ)

55-דבק نقلِ حرفی: (دالتھ-بیتھ-قوف) ترجمہ: عمل پیرا ہونا تعریف: کسی کے ساتھ شامل ہونا یا کسی شئے سے چپک جانا۔ اے ایچ ایل بی:2092 (5)؛ سٹرونگ:1692	56-דבר نقلِ حرفی: (دالتھ-بیتھ-ریش) ترجمہ: بولنا تعریف: زبانی طور پر کہے گئے الفاظ یا احکامات کو احتیاطاً ترتیب دینا۔ اے ایچ ایل بی:2093 (5)؛ سٹرونگ:1696
57-דמה نقلِ حرفی: (دالتھ-میم-ہے) ترجمہ: مشابہ ہونا تعریف: کسی دوسری شئے سے متوازن یا مشابہ ہونا۔ کسی کی مانند ہونا، ملتا جلتا ہونا۔ اے ایچ ایل بی: (1082-ایچ(5)؛	58-דרך نقلِ حرفی: (دالتھ-ریش-خیتھ) ترجمہ: اقدام کرنا تعریف: ایک قدم اٹھانا؛ سفر کے لئے چلنا۔ اے ایچ ایل بی:2112 (5)؛

سٹرونگ:1819	سٹرونگ:1869
59- דרש نقلِ حرفی: (دالتھ-ریش-شین) ترجمہ: تلاش کرنا تعریف: جوابات یا کسی شئے کے لئے کچھ تلاش کرنا یا دیکھنا۔ اے ایچ ایل بی: 2114 (5)؛ سٹرونگ:1875	

ה (ہے)

60- הגה نقلِ حرفی: (ہے-گیمل-ہے) ترجمہ: بڑبڑاہٹ تعریف: گہرے مراقبے یا ماتم میں آہ و زاری کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 1095-ایچ(5)؛ سٹرونگ:1897	61- היה نقلِ حرفی: (ہے-یود-ہے) ترجمہ: وجود رکھنا تعریف: اصلی وجود رکھنا، خواہ وہ مادی ہو یا روحانی؛ سانس رکھنا۔ اے ایچ ایل بی: 1097-ایم(5)؛ سٹرونگ:1961
62- הלך نقلِ حرفی: (ہے-لامد-خیتھ) ترجمہ: چلنا تعریف: پیدل ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا؛ سفر کرنا؛ جانا۔ نیز طرزِ زندگی، جو بطورِ رسم و رواج چلتا ہے یا رہتا ہے۔	63- הלל نقلِ حرفی: (ہے-لامد-لامد) ترجمہ: چمکنا تعریف: روشنی کی کرنیں خارج کرنا۔ روشنی کے طور پر چمکنا۔ کسی کے اعمال یا الفاظ کے ذریعے چمکنا یا چمکانے کا باعث بننا۔

اے ایچ ایل بی:1264-ایف(5)؛ سٹرونگ:1980	اے ایچ ایل بی:1104-بی(5)؛ سٹرونگ:1984
64-המה نقلِ حرفی: (ہے-میم-ہے) ترجمہ: دھاڑ تعریف: ایک اونچی آواز، جیساکہ سمندر یا کسی ہجوم سے اٹھنے والا شور۔ اے ایچ ایل بی:1105-ایچ(5)؛ سٹرونگ:1993	65-הפך نقلِ حرفی: (ہے-پے-خیتھ) ترجمہ: تبدیل کرانا تعریف: کسی چیز کو پلٹا دینا یا الٹا پھیر دینا، جیساکہ کسی شئے کے مشمولات یا مواد کو بہادینا۔ اے ایچ ایل بی:1379-ایف(5)؛ سٹرونگ:2015
66-הרג نقلِ حرفی: (ہے-ریش-گیمل) ترجمہ: مار ڈالنا تعریف: زندگی سے محروم کردینا؛ ذبح کرنا۔ اے ایچ ایل بی:1440-ایف(5)؛ سٹرونگ:2026	67-הרה نقلِ حرفی: (ہے-ریش-ہے) ترجمہ: تصور حاصل کرنا تعریف: حاملہ ہو جانا۔ اے ایچ ایل بی:1112-ایچ(5)؛ سٹرونگ:2029

68-הרס نقلِ حرفی: (ہے-ریش-سامک) ترجمہ: مسترد کرنا تعریف: برباد کرنا یا نیچے پھینک کر ٹکڑوں میں توڑ دینا۔ اے ایچ ایل بی: 1452-ایف(5)؛ سٹرونگ:2040	

ז (زیّن)

69-זבח نقلِ حرفی: (زیّن-بیتھ-خیتھ) ترجمہ: قربانی تعریف: دیوتا کو کوئی قیمتی چیز پیش کرنے کا ایک عمل؛ نذرانے کے لئے ایک جانور کو مارنا۔ اے ایچ ایل بی: 1140-ج(5)؛ سٹرونگ: 2100	70-זוב نقلِ حرفی: (زیّن-واو-بیتھ) ترجمہ: جاری کرنا تعریف: باہر بہنا؛ جانا، گزرنا یا بہنا؛ ابھرنا۔ اے ایچ ایل بی: 1140-ج(5)؛ سٹرونگ: 2100
71-זור نقلِ حرفی: (زیّن-کاف-ریش) ترجمہ: عجیب و غریب ہونا؛ اجنبی ہونا تعریف: دوسروں سے الگ ہو جانا؛ بیرونِ ممالک بکھر جانا۔	72-זכר نقلِ حرفی: (زیّن-کاف-ریش) ترجمہ: یاد کرنا تعریف: ذہن میں لانا یا دوبارہ سوچنا؛ کسی کی طرف سے عمل کرنا یا بولنا۔ گفتگو

اے ایچ ایل بی: 1158-ج(5)؛ سٹرونگ: 2114	میں ذکر کرنا یا بطورِ یادگار خیال میں لانا۔ ہِفِل فارم میں اس کا مطلب ہوگا، "ذکر (mention) کرنا"۔ اے ایچ ایل بی: 2121 (5)؛ سٹرونگ: 2142
73-זמר نقلِ حرفی: (زیّن-میم-ریش) ترجمہ: توڑنا تعریف: کوئی آلہ توڑتے ہوئے موسیقی پیدا کرنا۔ پھل لینا۔ اے ایچ ایل بی: 2124 (5)؛ سٹرونگ: 2167	74-זנה نقلِ حرفی: (زیّن-نون-ہے) ترجمہ: فاحشہ ہونا تعریف: ایسی عورت جو جنسی سلوک کا اظہار کرتی ہے، کرائے پر جنسی عمل سر انجام دینے والی۔ اے ایچ ایل بی: 1152-ایچ(5)؛ سٹرونگ: 2181
75-זעק نقلِ حرفی: (زیّن-عیّن-قوف) ترجمہ: پکار اٹھنا تعریف: عام آواز سے زیادہ زوردار آواز میں پکارنا۔ اعلان کرنا؛ مدد کے لئے چیخنا۔	76-זקן نقلِ حرفی: (زیّن-قوف-نون) ترجمہ: بوڑھا ہونا تعریف: عمر رسیدہ ہونا۔ اے ایچ ایل بی: 2132 (5)؛

اے ایچ ایل بی: 2131 (5)؛ سٹرونگ 2199	سٹرونگ: 2204
77-זרה نقلِ حرفی: (زین-ریش-ہے) ترجمہ: منتشر ہونا تعریف: ایک دوسرے کے درمیان فاصلہ پیدا کرتے ہوئے الگ ہو جانا۔ اے ایچ ایل بی: 1158-ایچ(5)؛ سٹرونگ: 2219	78-זרע نقلِ حرفی: (زین-ریش-عین) ترجمہ: بیج بونا تعریف: زمین پر بیج پھیلانا؛ فصل لگانا۔ اے ایچ ایل بی: 2137 (5)؛ سٹرونگ: 2232
79-זרק نقلِ حرفی: (زین-ریش-قوف) ترجمہ: چھڑکنا تعریف: ٹپکانا، عام طور پر پانی یا خون ٹپکانا۔ اے ایچ ایل بی: 2138 (5)؛ سٹرونگ: 2236	

ח (خیتھ)

80-חבא نقلِ حرفی: (خیتھ-بیتھ-آلیف) ترجمہ: واپس ہونا یا مڑنا تعریف: جو کچھ پسند ہے اسے واپس لینا یا روکنا۔ دور یا پیچھے ہٹنا۔ اے ایچ ایل بی: 1163-ای(5)؛ سٹرونگ: 2244	81-חבר نقلِ حرفی: (خیتھ-بیتھ-ریش) ترجمہ: جوڑنا تعریف: ایک دوسرے کے ساتھ شامل ہو کر یا جوڑا جوڑا کر کے باندھنا۔ اے ایچ ایل بی: 2143 (5)؛ سٹرونگ: 2266
82-חבש نقلِ حرفی: (خیتھ-بیتھ-شین) ترجمہ: سوار ہونا تعریف: سواری نما چیز پر بیٹھنا۔ عام طور پر گھوڑے کی کاٹھی پر بیٹھنا۔ زین کے ساتھ باندھنا۔	83-חגר نقلِ حرفی: (خیتھ-گیمل-ریش) ترجمہ: کمر کسنا تعریف: لباس کے ڈھیلے حصوں کو کسی بیلٹ میں باندھنا یا جنگ میں جانے کے لئے تیار ہونا؛ جنگ کے لئے ہتھیاروں

اے ایچ ایل بی: 2144 (5)؛
سٹرونگ: 2280

سے لیس ہونا۔
اے ایچ ایل بی: 2147 (5)؛
سٹرونگ: 2296

84۔חדל
نقلِ حرفی: (خیتھ-دالتھ-لامد)
ترجمہ: معطل یا ختم کرنا
تعریف: کسی کارروائی سے روکنا یا گریز کرنا۔
اے ایچ ایل بی: 2148 (5)؛
سٹرونگ: 2308

85۔חול
نقلِ حرفی: (خیتھ-واو-لامد)
ترجمہ: گھمادینا
تعریف: سمیٹنا یا ایک ساتھ لپیٹنا؛ غم یا خوشی میں الجھادینا۔
اے ایچ ایل بی: 1173-ج(5)؛
سٹرونگ: 2342

86۔חזה
نقلِ حرفی: (خیتھ-زین-ہے)
ترجمہ: خبر رکھنا
تعریف: اعلیٰ سطح پر سمجھنے کے قابل ہونا؛ کوئی ایسی چیز دیکھنا، جو جسمانی طور پر موجود نہ ہو۔
اے ایچ ایل بی: 1168-ایچ(5)؛
سٹرونگ: 2373

87۔חזק
نقلِ حرفی: (خیتھ-زین-قوف)
ترجمہ: پکڑلینا
تعریف: قبضہ کرنا یا طاقت کا استعمال کر کے لے لینا؛ مضبوطی سے پکڑنا؛
اے ایچ ایل بی: 2152 (5)؛
سٹرونگ: 2388

88۔חטא
نقلِ حرفی: (خیتھ-تاو-آلیف)
ترجمہ: چوک جانا
تعریف: ہدف حاصل نہ ہونا، خواہ لفظی ہدف ہو یا کسی شئے کے لئے مقصد ہو۔ اپنی پیئیل فارم میں اس لفظ کا مطلب "مفاہمت" ہوگا۔
اے ایچ ایل بی: 1170-ای(5)؛
سٹرونگ: 2398

89۔חיה
نقلِ حرفی: (خیتھ-یود-ہے)
ترجمہ: زندہ ہونا
تعریف: زندہ ہونا اور مسلسل زندہ رہنا۔ زندگی رکھنا۔ خوراک یا دیگر ضروری اشیا سے زندگی کو بحال رکھنا۔
اے ایچ ایل بی: 1171-ایچ(5)؛
سٹرونگ: 2421

90۔חכם
نقلِ حرفی: (خیتھ-کاف-میم)
ترجمہ: ہنر مند ہونا
تعریف: اچھے اور برے کے درمیان فیصلہ کرنے یا سمجھنے کے قابل ہونا؛ فکرو عمل میں صحیح طریقے سے کام کرنا۔
اے ایچ ایل بی: 2159 (5)؛
سٹرونگ: 2459

91۔חלה
نقلِ حرفی: (خیتھ-لامد-ہے)
ترجمہ: بیمار ہونا
تعریف: غم سے نڈھال ہونا۔
اے ایچ ایل بی: 1173-ایچ(5)؛
سٹرونگ: 2470

92-חלל
نقلِ حرفی: (خیتھ-لامد-لامد)

ترجمہ: چھیدنا

تعریف: کسی نوکدار ہتھیار یا آلے کے ساتھ یا اس کے ذریعے بھاگنا؛ چھیدنے کر سوراخ کرنا؛ دبانے کی ابتدا کرنا۔

اے ایچ ایل بی:1173-بی(5)؛

سٹرونگ:2490

93-חלם
نقلِ حرفی: (خیتھ-لامد-میم)

ترجمہ: تصور کرنا

تعریف: کسی شئے کو دیکھنا یا ذہنی شبیہ تشکیل دینا۔ خواب دیکھنا۔

اے ایچ ایل بی:2164 (5)؛

سٹرونگ:2492

94-חלף
نقلِ حرفی: (خیتھ-لامد-پے)

ترجمہ: گزرنا

تعریف: کسی چیز میں سے یا ذریعہ سے گزرنا۔ کسی دوسرے فریق، یا خیال کی طرف جانا۔ پی ایل کی فارم میں ہو تو اس کا مطلب "تبدیلی" ہو گا۔

اے ایچ ایل بی:2165 (5)؛

سٹرونگ:2498

95-חלץ
نقلِ حرفی: (خیتھ-لامد-پے)

ترجمہ: کھینچنا

تعریف: باہر کو کھینچنا یا کی طرف کھینچنا۔

اے ایچ ایل بی:2166 (5)؛

سٹرونگ:2502

96-חלק
نقلِ حرفی: (خیتھ-لامد-قوف)

ترجمہ: بانٹنا

تعریف: منصوبے کے مطابق وصول کنندگان کے درمیان تقسیم کرنا۔

اے ایچ ایل بی: 2167 (5)؛

سٹرونگ:2505

97-חמל
نقلِ حرفی: (خیتھ-میم-لامد)

ترجمہ: ترس کھانا

تعریف: ترحم؛ ہمدردی کرنا۔

اے ایچ ایل بی:2171 (5)؛

سٹرونگ:2550

98-חנה
نقلِ حرفی: (خیتھ-نون-ہے)

ترجمہ: خیمہ تاننا

تعریف: عارضی پناہ گاہیں (خیموں کی طرح) ایک ساتھ بنانا۔ رات کو سفر روک کر خیمے تاننا۔

اے ایچ ایل بی:1175-ایچ(5)؛

سٹرونگ:2583

99-חנן
نقلِ حرفی: (خیتھ-نون-نون)

ترجمہ: خوبصورتی دکھانا

تعریف: کسی کے لئے خوبصورتی، فضل یا رحم ظاہر کرنا۔ ہتفاایل فارم میں اس کے معنی "التجا" کرنا ہوں گے۔

اے ایچ ایل بی:1175-بی(5)؛

سٹرونگ:2603

100-חסה
نقلِ حرفی: (خیتھ-سامک-ہے)

ترجمہ: پناہ لینا

101-חפץ
نقلِ حرفی: (خیتھ-پے-صادے)

ترجمہ: خوشی

تعریف: پناہ لینا یا تحفظ کے لئے کسی شئے یا شخص پر کسی کا اعتماد رکھنا۔ اے ایچ ایل بی:1176-ایچ(5)؛ سٹرونگ:2620	تعریف: ضرورت سے کہیں بڑھ کر کسی شئے کی خواہش کرنا؛ خوشی کی ایک اعلیٰ سطح حاصل کرنا۔ اے ایچ ایل بی:2191 (5)؛ سٹرونگ:2654
102-חקר نقلِ حرفی: (خیتھ-قوف-ریش) ترجمہ: جانچ کرنا تعریف: بغور وخوض تلاش کرنا یا تفصیلات دیکھنا۔ اے ایچ ایل بی:2198 (5)؛ سٹرونگ:2713	103-חרב نقلِ حرفی: (خیتھ-ریش-بیتھ) ترجمہ: خشک کرنا تعریف: ایک خشک ویران زمین ہونا؛ بے کار اور ویران کر دیا جانا۔ اے ایچ ایل بی:2199 (5)؛ سٹرونگ:2717
104-חרד نقلِ حرفی: (خیتھ-ریش-دالتھ) ترجمہ: کانپنا تعریف: غیر ارادی طور پر لرزنا؛ کانپنا۔ اے ایچ ایل بی:2201 (5)؛ سٹرونگ:2729	105-חרה نقلِ حرفی: (خیتھ-ریش-ہے) ترجمہ: بھڑک اٹھنا تعریف: اچانک پرجوش یا ناراض ہو جانا؛ اچانک ٹوٹ پڑنا۔ سخت غصے میں جلا دینا۔

	اے ایچ ایل بی:1181-ایچ(5)؛ سٹرونگ:2734
106-חרף نقلِ حرفی: (خیتھ-ریش-پے) ترجمہ: طنز کرنا تعریف: طنزیہ تیز الفاظ سے کسی کو چھیدنا۔ اے ایچ ایل بی:2208 (5)؛ سٹرونگ:2778	107-חרש نقلِ حرفی: (خیتھ-ریش-شین) ترجمہ: کھرچنا تعریف: مٹی میں ایک لکیر کھرچنے کی مانند ہل چلانا؛ لکڑی یا پتھر پر کھرچ کر کندہ کرنا۔ اس کا لفظ کا مطلب، "پرامن رکھنا" یا خاموش رہنا، بھی ہو سکتا ہے۔ اے ایچ ایل بی:2211 (5)؛ سٹرونگ:2790
108-חשב نقلِ حرفی: (خیتھ-شین-بیتھ) ترجمہ: سوچنا تعریف: ایجاد یا شئے، عمل کے لئے ترکیب یا کوئی منصوبہ تیار کرنا۔ اے ایچ ایل بی:2213 (5)؛ سٹرونگ:2803	109-חשך نقلِ حرفی: (خیتھ-سین-خیتھ) ترجمہ: پیچھے رکھنا تعریف: کسی چیز کو پیچھے رکھنا یا روکنا۔ اے ایچ ایل بی:2182 (5)؛ سٹرونگ:2820

110-חתם نقلِ حرفی: (خیتھ-تاو-میم) ترجمہ: مہر کرنا تعریف: مضبوطی سے بند کرنا، اکثر مالک کے نشان کے ساتھ نشان زد ہونا جو کہ کھولنے سے پہلے ٹوٹ جانا چاہیے۔ اے ایچ ایل بی: 2223 (5)؛ سٹرونگ: 2856	111-חתן نقلِ حرفی: (خیتھ-تاو-نون) ترجمہ: سسرال بنا تعریف: شادی کے ذریعے کسی دوسرے خاندان کے ساتھ تعلقات قائم کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 2224 (5)؛ سٹرونگ: 2859
112-חתת نقلِ حرفی: (خیتھ-تاو-تاو) ترجمہ: توڑنا تعریف: مارنا یا ٹکڑوں میں بکھیرنا؛ خوفزدہ ہونا یا بکھر جانے کی دہشت میں رہنا۔ اے ایچ ایل بی: 1183-بی(5)؛ سٹرونگ: 2865	

ט (طیتھ)

113-טהר نقلِ حرفی: (طیتھ-ہے-ریش) ترجمہ: صاف رہنا تعریف: گندگی، آلودگی یا بداخلاقی سے پاک۔ بے داغ، خالص۔ اے ایچ ایل بی: 1204-جی(5)؛ سٹرونگ: 2891	114-טוב نقلِ حرفی: (طیتھ-واو-بیتھ) ترجمہ: نیک عمل کرنا تعریف: منظم طور پر عمل کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 1186-جے(5)؛ سٹرونگ: 2895
115-טמא نقلِ حرفی: (طیتھ-میم-آلیف) ترجمہ: ناپاک ہونا تعریف: جسمانی یا اخلاقی طور پر ناپاک، گندا، غلیظ۔ اے ایچ ایل بی: 1197-ای(5)؛	116-טמן نقلِ حرفی: (طیتھ-میم-نون) ترجمہ: چھپنا تعریف: تدفین کے ذریعے چھپانا یا ڈھانپنا۔ اے ایچ ایل بی: 2234 (5)؛

سٹرونگ:2930	سٹرونگ:2934
117-טרף ترجمہ: پھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا تعریف: ٹکڑوں میں پھاڑنا، جیسے کوئی شکاری اپنے شکار کے ساتھ کرتا ہے۔ اے ایچ ایل بی:2245 (5)؛ سٹرونگ:2963	

י (یود)

118-יבש نقلِ حرفی: (یود-بیتھ-شین) ترجمہ: خشک کرنا تعریف: سوکھ جانا، نیز مرجھا جانا۔ شرمندہ یا الجھا ہوا ہونا۔ اے ایچ ایل بی:1044-ایل(5)؛ سٹرونگ:3001	119-יגע نقلِ حرفی: (یود-گیمل-عیّن) ترجمہ: تھکنا تعریف: زوردار کام سے تھک جانا۔ اے ایچ ایل بی:1062-ایل(5)؛ سٹرونگ:3021
120-ידה نقلِ حرفی: (یود-دالتھ-ہے) ترجمہ: ہاتھ پھینکنا تعریف: تھامنے کے لئے ہاتھ بڑھانا؛ تعریف یا اعتراف کرنا۔ اے ایچ ایل بی:1211-ایچ(5)؛	121-ידע نقلِ حرفی: (یود-دالتھ-عیّن) ترجمہ: جاننا تعریف: مباشرت اور ذاتی تفہیم ہونا؛ دوسرے شخص کے ساتھ گہرا تعلق ہونا۔ اے ایچ ایل بی:1085-ایل(5)؛

سٹرونگ:3034	سٹرونگ:3045
122۔יהב نقلِ حرفی: (یود-ہے-بیتھ) ترجمہ: مہیا کرنا تعریف: جو واجب ہو، وہ دے دینا؛ فراہم کرنا یا اجازت دینا۔ اے ایچ ایل بی:1094-ایل(5)؛ سٹرونگ:3051	123۔יחל نقلِ حرفی: (یود-خیتھ-لامد) ترجمہ: قیام کرنا تعریف: پیچھے رہنا؛ توقع میں انتظار کرنا۔ اے ایچ ایل بی:1181-ایل(5)؛ سٹرونگ:3176
124۔יטב نقلِ حرفی: (یود-طیتھ-بیتھ) ترجمہ: اچھا کرنا تعریف: کچھ ضروری کرنا؛ اچھا ہونا، (منظم ہونے کے معنی میں) اے ایچ ایل بی:1186-ایل(5)؛ سٹرونگ:3190	125۔יכח نقلِ حرفی: (یود-کاف-خیتھ) ترجمہ: تعریف: قصوروار ثابت ہونے کے لئے ثبوت ڈھونڈنا۔ اے ایچ ایل بی:1238-ایل(5)؛ سٹرونگ:3198
126۔יכל نقلِ حرفی: (یود-کاف-لامد) ترجمہ: قابل ہونا	127۔ילד نقلِ حرفی: (یود-لامد-دالتھ) ترجمہ: آگے لانا، سامنے لانا

تعریف: کامیابی سے غالب آنا، قابو پانا یا برداشت کرنا۔ اے ایچ ایل بی:1242-ایل(5)؛ سٹرونگ:3201	تعریف: جاری کرنا؛ بچوں کو پیش کرنا، خواہ عورت کے ذریعے، جوان کو پیدا کرتی ہے، خواہ مرد کے ذریعے، جوان کا باپ بنتا ہے۔ پیئیل فارم میں اس کا مطلب "بطورِ دایہ عمل" ہوگا۔ اے ایچ ایل بی:1257-ایل؛ سٹرونگ:3205
128۔ילל نقلِ حرفی: (یود-لامد-لامد) ترجمہ: کراہنا تعریف: غم یا تکلیف میں اونچی آواز کے ساتھ چلانا۔ اے ایچ ایل بی:1265-ایل(5)؛ سٹرونگ:3213	129۔ינח نقلِ حرفی: (یود-نون-خیتھ) ترجمہ: جمع کرنا یا ہونا تعریف: رکھنا، خاص کر حفاظت کے لئے یا معاہدے کے طور پر۔ نیچے ہونا؛ آرام کرنے کے لئے بیٹھنا یا کسی جگہ پر رہنا۔ اے ایچ ایل بی:1307-ایل(5)؛ سٹرونگ:3240
130۔ינק	131۔יסד

نقلِ حرفی: (یود-نون-قوف) ترجمہ: دودھ پلانا تعریف: چھاتی سے دودھ دینا۔ہفِل فارم میں اس کا مفہوم "تیمارداری کرنا" (to nurse) ہوگا۔ اے ایچ ایل بی:1318-ایل (5)؛سٹرونگ:3243	نقلِ حرفی: (یود-سامک-دالتھ) ترجمہ: ملنا،دریافت ہونا تعریف: کسی گھر، جگہ یا منصوبے کی بنیاد ڈالنا۔ اے ایچ ایل بی:1326-ایل(5)؛ سٹرونگ:3245
132-יסף نقلِ حرفی: (یود-سامک-پے) ترجمہ: شامل کرنا تعریف: کسی چیز کی مقدار یا رسد میں اضافہ کرتے ہوئے شامل کرنا۔ہفِل فارم میں اس کا مطلب "دوبارہ" یا "پھر سے"۔ اے ایچ ایل بی:1339-ایل(5)؛ سٹرونگ:3254	133-יסר نقلِ حرفی: (یود-سین-ریش) ترجمہ: درست کرنا تعریف: ہدایت یا عذاب کے ذریعہ سمت میں ترجیحی تبدیلی لانا۔ اے ایچ ایل بی:1342-ایل(5)؛ سٹرونگ:3256
134-יעד نقلِ حرفی: (یود-عیِن-دالتھ)	135-יצא نقلِ حرفی: (یود-صادے-عیِن)

ترجمہ: مقرر کرنا تعریف: انتظام کرنا، کسی جگہ میں نصب یا تعین کرنا، ملنے کے لئے جگہ یا وقت مقرر کرنا۔ اے ایچ ایل بی:1349-ایل(5)؛ سٹرونگ:3259	ترجمہ: باہر جانا تعریف: جانا، آنا یا جاری کرنا۔ اے ایچ ایل بی:1392-ایل(5)؛ سٹرونگ:3318
136-יצב نقلِ حرفی: (یود-صادے-بیتھ) ترجمہ: پڑاؤ ڈالنا تعریف: جم جانا اور کسی جگہ پر کھڑے ہونا۔ اے ایچ ایل بی:1393-ایل(5)؛ سٹرونگ:3320	137-יצק نقلِ حرفی: (یود-صادے-قوف) ترجمہ: بہانا، انڈیلنا تعریف: مائع کو کسی ایک برتن سے دوسرے میں منتقل کرنا؛ پگھلی ہوئی دھات کو کسی سانچے میں انڈیلنا۔ اے ایچ ایل بی:1410-ایل(5)؛ سٹرونگ:3332
138-יצר نقلِ حرفی: (یود-صادے-ریش) ترجمہ: ڈھالنا تعریف: شکل دینا؛ دبانا یا نچوڑنا، جیسا کہ ایک برتن کی شکل بنانے کے لئے مٹی کو دبانا۔	139-יצת نقلِ حرفی: (یود-صادے-تاو) ترجمہ: شعلہ بھڑکانا تعریف: آگ جلانا۔

اے ایچ ایل بی:1411-ایل(5)؛ سٹرونگ:3335	اے ایچ ایل بی:1413-ایل(5)؛ سٹرونگ:3341
140-ירא نقلِ حرفی: (یود-ریش-آلیف) ترجمہ: ڈرنا تعریف: کسی شئے سے خوفزدہ ہونا؛ توقع یا خطرے سے آگاہی کے باعث ایک مضبوط جذبہ پیدا ہونا؛ کسی خوفناک شئے سے دہشت زدہ ہونا یا کسی قابلِ احترام شئے کا تقدس کرنا۔ اے ایچ ایل بی:1227-ای (5)؛ سٹرونگ:3372	141-ירד نقلِ حرفی: (یود-ریش-دالتھ) ترجمہ: نیچے جانا تعریف: کسی اونچی جگہ سے نیچے جانا یا آنا۔ ہِفِل فارم میں ہو تو اس کا مطلب "نیچے لانا" ہوگا۔ اے ایچ ایل بی:1221-ایل (5)؛ سٹرونگ:3381
142-ירה نقلِ حرفی: (یود-ریش-ہے) ترجمہ: پھینکنا تعریف: ہوا کے ذریعے کسی شئے کو آگے بڑھانا؛ بوندا باندی کرنا، جیسا کہ پانی پھینکنا؛ سیدھی لائن میں انگلی سے کسی سمت کی نشاندہی کرتے ہوئے کسی کو راستہ سمجھانا۔ ہِفِل فارم میں ہو تو اس کا	143-ירש نقلِ حرفی: (یود-ریش-شین) ترجمہ: مالک بننا، قابض ہونا تعریف: قبضے میں آنا یا خصوصاً بطورِ حق وصول کرنا؛ باپ دادا کی موت کے وقت وراثت وصول کرنا۔ توثیق یا وراثت کے ذریعہ قبضہ لینا۔ اے ایچ ایل بی:1458-ایل (5)؛

مطلب "سکھانا" ہوگا۔ اے ایچ ایل بی:1227-ایچ (5)؛ سٹرونگ:3384	سٹرونگ:3423
144-ישב نقلِ حرفی: (یود-شین-بیتھ) ترجمہ: حل کرنا تعریف: رات کے لئے یا طویل عرصے تک کسی رہائش گاہ میں قیام کرنا؛ بیٹھ جانا۔ اے ایچ ایل بی:1462-ایل(5)؛ سٹرونگ:3427	145-ישע نقلِ حرفی: (یود-شین-عیّن) ترجمہ: بچانا تعریف: کسی پریشانی، بوجھ یا خطرے سے آزاد کرنا یا نجات دینا۔ اے ایچ ایل بی:1476-ایل(5)؛ سٹرونگ:3467
146-ישר نقلِ حرفی: (یود-شین-ریش) ترجمہ + :سیدھا رہنا تعریف: کسی سیدھی یا درست سمت، راہ یا فکر پر ہونا۔ اے ایچ ایل بی:1480-ایل(5)؛ سٹرونگ:3474	147-יתר نقلِ حرفی: (یود-تاو-ریش) ترجمہ: پیچھے چھوڑ دینا تعریف: ایک طرف رکھ دینا؛ مستقبل کے لئے ٹال رکھنا؛ باقی رہنا۔ اے ایچ ایل بی: 1480-ایل(5)؛ سٹرونگ:3498

כ (کاف)

148-כבד نقلِ حرفی: (کاف-بیتھ-دالتھ) ترجمہ: بھاری ہونا تعریف: وزن، دولت یا اہمیت میں بہت اچھا یا زیادہ ہونا۔ پی ئیل فارم میں ہو تو اس کا مطلب "عزت" ہوگا۔ اے ایچ ایل بی: 2246 (5)؛ سٹرونگ: 3513	149-כבס نقلِ حرفی: (کاف-بیتھ-سامک) ترجمہ: دھونا تعریف: کپڑوں کے مسائل کو صفائی ستھرائی میں حل کرنا اور انہیں صاف کرنا، عام طور پر ان کو پیروں سے دھونا۔ جسم کو صاف کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 2249 (5)؛ سٹرونگ: 3526
150-כול نقلِ حرفی: (کاف-واو-لامد) ترجمہ: برقرار رکھنا تعریف: کسی شخص یا چیز کو مکمل کرنے کے لئے جو کچھ درکار ہوتا ہے، وہ فراہم کردینا۔	151-כון نقلِ حرفی: (کاف-واو-لامد) ترجمہ: تیار کرنا تعریف: مناسب حالت یا تیاری میں ڈال دینا۔ پیئیل فارم میں ہو تو اس کا

اے ایچ ایل بی: 1242-جے (5)؛ سٹرونگ: 3557	مطلب "قائم کرنا" ہوگا۔ اے ایچ ایل بی: 1244-جے (5)؛ سٹرونگ: 3559
152-כחד نقلِ حرفی: (کاف-تاو-دالتھ) ترجمہ: خفیہ رکھنا تعریف: معلومات ظاہر کرنے سے گریز کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 2255 (5)؛ سٹرونگ: 3582	153-כלה نقلِ حرفی: (کاف-لامد-ہے) ترجمہ: ختم کرنا تعریف: خاتمے کی طرف لانا؛ اختتام کرنا؛ کسی کاروائی یا سرگرمی کو مکمل کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 1242-ایچ (5)؛ سٹرونگ: 3615
154-כלם نقلِ حرفی: (کاف-لامد-میم) ترجمہ: نادم ہونا، شرمندہ ہونا تعریف: بے ایمانی، نامناسب سلوک یا تضحیک کے ذریعے تکلیف محسوس کرنا۔ اے ایچ ایل بی: 2261 (5)؛ سٹرونگ: 3637	155-כנע نقلِ حرفی: (کاف-نون-عیّن) ترجمہ: گھٹیا ہونا تعریف: عاجزی یا ماتحتی میں کم کیا جانا۔ اے ایچ ایل بی: 2268 (5)؛ سٹرونگ: 3665

156-כסה نقلِ حرفی: (کاف-سامک-ہے) ترجمہ: پردہ پوشی کرنا تعریف: انکشاف یا شناخت کو روکنا؛ نظر میں نہ آنے دینا؛ مکمل طور پر چھپانا یا خفیہ رکھنا۔ اے ایچ ایل بی:1245-ایچ (5)؛ سٹرونگ:3680	157-כעס نقلِ حرفی: (کاف-عیّن-سامک) ترجمہ: غصہ کرنا تعریف: کسی غلطی کے نتیجہ میں پیدا ہونے والا ناراضگی اور دشمنی کا شدید احساس۔ اے ایچ ایل بی:2279 (5)؛ سٹرونگ:3707
158-כפר نقلِ حرفی: (کاف-پے-ریش) ترجمہ: چھپا دینا تعریف: تحفظ فراہم کرنا۔ نگاہ یا علم سے چھپانا؛ کسی خول کی طرح کسی شئے کو ڈھانپ دینا۔ اے ایچ ایل بی:2283 (5)؛ سٹرونگ:3722	159-כרע نقلِ حرفی: (کاف-ریش-عیّن) ترجمہ: نیچے جھکانا تعریف: سر اور دھڑ کو موڑتے ہوئے جسم کو آگے اور نیچے کی طرف موڑنا؛ گھٹنوں پر جھکنا۔ جکڑے ہوئے گھٹنوں کے سہارے آگے کی طرف جھکنا۔

	اے ایچ ایل بی:2290 (5)؛ سٹرونگ:3766
160-כרת نقلِ حرفی: (کاف-ریش-تاو) ترجمہ: کاٹنا تعریف: تیز دھار آلے سے گھِسنا۔ اے ایچ ایل بی:2291 (5)؛ سٹرونگ:3772	161-כשל نقلِ حرفی: (کاف-شین-لامد) ترجمہ: گرانا تعریف: موت یا دھکے سے گرنا۔ اے ایچ ایل بی:2292 (5)؛ سٹرونگ:3782
162-כתב نقلِ حرفی: (کاف-تاو-بیتھ) ترجمہ: لکھنا تعریف: کسی کے خیالات یا ہدایات کو پڑھنے کے قابل شکل میں بیان کرنا۔ اے ایچ ایل بی:2295 (5)؛ سٹرونگ:3789	

ל (لامد)

163۔לבש نقلِ حرفی: (لامد-بیتھ-شین) ترجمہ: پہننا تعریف: کپڑے یا لباس سے ڈھانپنا؛ لباس مہیا کرنا؛ لباس پہننا۔ ہِطِل فارم میں ہو تو اس کا مطلب "کپڑے" ہوگا۔ اے ایچ ایل بی:2304 (5)؛3847	164۔לוה نقلِ حرفی: (لامد-واو-ہے) ترجمہ: شمولیت کرنا تعریف: ایک ساتھ باندھنا۔ اے ایچ ایل بی:1259-جے (5)؛ سٹرونگ:3867
165۔לון نقلِ حرفی: (لامد-واو-نون) ترجمہ: رات گزارنا تعریف: رات رہنا یا قیام کرنا۔ اے ایچ ایل بی:1267-جے (5)؛ سٹرونگ:3885	166۔לוץ نقلِ حرفی: (لامد-واو-صادے) ترجمہ: نقل کرنا تعریف: کسی اور شخص کی تقریر کی بطورِ ترجمانی تقلید کرنا یا طعنہ زنی کرنا۔ اے ایچ ایل بی:1271-جے (5)؛

	سٹرونگ:3887
